## چالان کے بعد جرمانہ کی ادائیگی اور وصولی کاغذات کا طریقہ کار

- کوئی ٹریفک پولیس آفیسر جرمانہ کی رقم نقد سے کا مجاز نہ ہے۔ جرمانہ کی رقم پولیس آفیسر کو دینا اور پولیس آفیسر کا وصول کرنا قانوناً جرم ہے۔
- اگر گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر اسلام آباد کی حدود میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ذریعے آپ کا چالان ہو جاتا ہے تو ایسی صورت میں جرمانہ کی ادائیگی اور کاغذات کی وصولی کا طریقہ کار کچھ اس طرح ہے۔
- سب سے پہلے آپ جرمانہ کی رقم نیشنل بینک اسلام آباد کی کسی بھی قریبی برانچ میں اندر میعاد 7 یوم جمع کرائیں گے اور جرمانہ کی ادائیگی کی رسید حاصل کریں گے۔
- جرمانہ کی ادائیگی کرنے کے بعد اندر میعاد 7 یوم ہی اپنے کاغذات کی وصولی کے لئے اسلام آباد ٹریفک پولیس کے متعلقہ زون کی زونل برانچ سے رابطہ کریں گے اور جرمانہ کی ادائیگی کی رسید (جو بینک نے آپ کو دی ہے) دے کر اپنے کاغذات حاصل کرینگے۔
- ٹریفک پولیس آفیسر ڈیوٹی کے اختتام /3 بجے دن یا /11 بجے رات کے بعد چالان شدہ کاغذات متعلقہ چالان برانچ میں جمع کراتے ہیں۔
- متعلقہ زون کی نشاندہی آپ کو دیئے گئے چالان ٹکٹ کے اوپر زون نمبر کے خانہ میں اس زون کا نمبر 4,3,2,1 لکھ کر کی گئی ہے۔

  ہمارے ان زونل برانچز جہاں یہ واقع ہیں کی تفصیل اس طرح ہے۔

  زون نمبر 1 کی زونل برانچ زیرو پوائنٹ چوک سہروردی روڈ پر آبپارہ جاتے ہوئے چوک کے ساتھ بس سٹاپ سے پہلے واقع ہے۔

  زون نمبر 2 کی زونل برانچ G-9 مرکز کراچی کمپنی جانب مغرب ویگن نمبر 120 کے سٹینڈ کے ساتھ واقع ہے۔

  زون نمبر 3 کی زونل برانچ پشاور موڑ بلمقابل FIA ہیڈ کوارٹر واقع ہے۔

  زون نمبر 4 کی زونل برانچ کھنہ پل جانب مغرب بس سٹاپ کے ساتھ واقع ہے۔
- اگر آپ چالان کی یا جرمانہ کی رقم مقررہ میعاد یعنی 7 یوم میں متعلقہ بینک میں جمع کرانے اور متعلقہ زون کے زونل برانچ سے اپنے کاغذات واپس حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو ایسی صورت میں آپ کے کاغذات بمع چالان کی تفصیل کے F-8 مرکز اسلام آباد میں واقع متعلقہ عدالت کو بھیج دیئے جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں آپ متعلقہ زون کے زونل برانچ سے اپنے چالان کا ریفرنس یا ٹی نمبر جس کے تحت آپ کا چالان متعلقہ عدالت کو ترسیل کیا گیا ہے حاصل کریں گے جو متعلقہ عدالت میں آپ کی رہنمائی کے لئے آپ کے کام آئے گا۔
- اگر اسلام آباد کی حدود میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کسی ایسے روڈ یوزر کا چالان ہو جاتا ہے جس کا تعلق اسلام آباد یا راولپنڈی کے علاوہ کسی دوسرے شہر سے ہے اور بینک میں جرمانہ کی ادائیگی کا وقت بھی نہیں یعنی بینک بند ہو یا عام تعطیل ہو اور ایسے روڈ یوزر کا اسلام آباد میں قیام بھی نہ ہو تو ایسی صورت میں ایسے آؤٹ سائیڈر یا ایسے غیر مقامی لوگوں کے لئے یہ سہولت رکھی گئی ہے کہ وہ جرمانہ کی رقم بمعہ 10 روپے بینک فیس کے اسلام آباد ٹریفک پولیس کے مین آفس واقع F-8/1 اسلام آباد میں جمع کروا کر متعلقہ چالان کنندہ آفیسر سے اسی وقت اس مقام پر جہاں چالان ہوا تھا اپنے کاغذات واپس لے سکتے ہیں یا اس آفیسر کی ڈیوٹی کے آف کر جانے کی صورت میں اوپر تحریر کئے گئے متعلقہ زونل برانچ سے دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق اپنے کاغذات حاصل کر سکتے ہیں۔
- اس کے علاوہ کسی بھی معلومات اور مدد کے لئے اسلام آباد ٹریفک پولیس کی ہیلپ لائن 1915 پر کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں۔






## لازمی سائن بورڈ



## متنبہ کرنے والے سائن بورڈ









## ٹریفک کے سائن بورڈ (اطلاعی)



## ٹریفک کے سائن بورڈ (اطلاعی)








## عام پوچھے جانے والے سوالات

سوال۔ کیا میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کا جاری شدہ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتا ہوں؟

جواب۔ جی ہاں! آپ اسلام آباد ٹریفک پولیس کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں اگر آپ کو ڈرائیونگ کے اصول وقواعد کے بارے میں مناسب معلومات حاصل ہوں اور آپ گاڑی کو عملی طور پر سڑکوں اور شاہراہوں پر چلانا اچھی طرح سے جانتے ہوں۔

سوال۔ کتنی عمر میں ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیا جا سکتا ہے؟

جواب۔ اگر آپ کی عمر ١٨ سال یا اس سے زائد ہے تو آپ موٹر کار جیپ یا موٹر سائیکل کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ منی ٹرک، شاہ زور ویگن وغیرہ کا لائسنس حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی عمر ٢١ سال یا اس سے زائد ہونی چاہیے۔

سوال۔ کیا اسلام آباد سے جاری شدہ ڈرائیونگ لائسنس دیگر ممالک میں بھی قابل قبول ہو سکتا ہے؟

جواب۔ جی ہاں! آپ اسلام آباد ٹریفک پولیس سے جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس کی بنیاد پر خاص ممالک میں ایک سال تک گاڑی چلا سکتے ہیں۔ آپ کے پاس اپنا اصل پاسپورٹ ہو جس پر داخلے کی تاریخ موجود ہو یا پھر آپ کے پاس انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس پرمٹ ہو۔

سوال۔ کیا اس بک میں ٹریفک کی خلاف ورزی پر چالان ہونے کی صورت میں ٹکٹ جمع کرانے اور کاغذات کی وصولی کا طریقہ کار بھی دیا گیا ہے؟

جواب۔ جی ہاں! اس کتاب میں چالان ٹکٹ جمع کرانے اور کاغذات کی وصولی کے بارے میں مکمل طریقہ کار دیا گیا ہے۔

سوال۔ یہ ڈرائیونگ لائسنس کتنے عرصہ کے لیے جاری ہوتا ہے؟

جواب۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس سے جاری شدہ ڈرائیونگ لائسنس ٥ سال کے عرصہ کیلئے جاری کیا جاتا ہے۔ ٥ سال کے بعد تجدید لائسنس کیلئے آپ دوبارہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے دفتر میں بذاتِ خود تشریف لا کر نئی فوٹو گراف اور فنگر پرنٹ دیکر نیا لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ تجدید لائسنس، ڈوپلیکیٹ لائسنس کیلئے کمرہ نمبر ٥ کو ون ونڈو کیلئے مخصوص کیا گیا ہے۔

سوال۔ کیا یہاں پر بذاتِ خود آئے بغیر لائسنس کی تجدید ہو سکتی ہے؟

جواب۔ جی نہیں! کسی بھی شخص کے بذات خود آئے بغیر مستقل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا، تجدید کروانا یا ڈوپلیکیٹ حاصل کرنا ناممکن ہے۔

سوال۔ کیا کوئی شخص بغیر امتحان دیئے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتا ہے؟

جواب۔ جی نہیں! اسلام آباد سے جاری شدہ ڈرائیونگ لائسنس مکمل طبی امتحان اور ڈرائیونگ کے امتحانات کے بعد جاری کیا جاتا ہے اور کوئی شخص بھی اس سے مستثنیٰ نہ ہے۔

سوال۔ کیا لرنر پرمٹ (عارضی ڈرائیونگ لائسنس) حاصل کرنے کے بعد مستقل ڈرائیونگ لائسنس کیلئے ٤٢ دن انتظار کرنا ضروری ہے؟

جواب۔ جی نہیں! اگر آپ کے پاس کسی اور ملک یا پاکستان کے دیگر اضلاع کا ڈرائیونگ لائسنس ہو تو آپ جناب SSP ٹریفک صاحب اور جناب SP ٹریفک صاحب کے پیش ہو کر ڈرائیونگ کے امتحان میں شامل ہونے کی رعایت حاصل کر سکتے ہیں۔

سوال۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس سے ایکسیڈنٹ کی صورت میں یا عام حالات میں رابطہ کرنے کے کیا ذرائع ہیں؟

جواب۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس سے رابطہ کے لئے آپ 1915 یا اسلام آباد ٹریفک پولیس ایف ایم ریڈیو 92.4 یا فون نمبر 051-9263184 یا ایکسچینج 051-9261992/93 کے ذریعے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔